سوال

میں نے ایک مسلمان عورت سے شادی کی لیکن اس سے جماع نہ کرسکنے کی بنا پر میں نے اسے طلاق دے دی ، یہ علم میں ہونا چاہیے کہ میں سوفیصد صحیح ہوں ، بعد میں یہ انکشاف ہواکہ اس کا سبب جادو تھا ،مجھے اور میرے والد صاحب کو یہ نصیحت کی گئی کہ آپ کسی شیخ کے پاس جائيں جو دم کرے ، اس عالم نے جب عورت کو دم کیا تو اس پر کپکی اورشدید قسم کا رعشہ طاری ہوا ، اوریہ واضح تھا کہ اس پر کسی نے جادو کررکھا ہے ۔ پھر یہ بھی انکشاف ہواکہ میرے سسرال والے جادو کے رسیا ہيں اوران کے باطل پر مصررہنے کی وجہ سے میں نے بیوی کوطلاق دی تھی ، اب میں کوئي ایسا حل چاہتا ہوں جو میری اس مشکل کو ختم کردے کیونکہ میں شادی کرنا چاہتا ہوں ، آپ کے تعاون کا شکریہ ۔

جواب

الحمد للہ

میرے خیال میں آپ اللہ تعالی پر توکل کرتے ہوئے شادی میں جلدی کریں ، جب آپ اللہ تعالی پر توکل کرتے ہوئے یہ کام کریں گے توآپ کوکوئي چيز نقصان نہيں دے گی ۔ اللہ تبارک وتعالی کا فرمان ہے :

اور جو بھی اللہ تعالی پر توکل کرے گا اللہ تعالی اسے کافی ہوگا الطلاق (3) ۔

لیکن اس بار یہ ضروری ہے کہ آپ بیوی اوراس کے خاندان والوں کے حالات کا اچھی طرح جائزہ کرنے کے بعد شادی کریں ، اورپہلے تجربہ سے عبرت اورسبق حاصل کریں کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا بھی فرمان ہے :

(مومن ایک سوراخ سے دوبار نہيں ڈسا جاتا) صحیح بخاری حدیث نمبر (6133) ۔

اور شائد عدم پریشانی یہی ہے اورجوسوال سے بھی ظاہر ہوتا ہے کہ علت آپ کی بیوی میں تھی نہ کہ آپ میں ، اورہم آپ سے یہ بھی کہيں گے کہ آپ ہرنماز کے بعد اورسونے سے قبل سورۃ الفلق اورسورۃ الناس پڑھ کراپنے آپ کودم کیا کریں (یعنی یہ سورتیں پڑھنے کے بعد اپنے دونوں ہاتھوں پر پھونک مار کراپنے پورے جسم پر ہاتھ پھیریں)

اللہ تعالی ہمیں اورآپ کوہر قسم کے بیماری اوربرائي سے محفوظ رکھے ، آمین یارب العالمین ۔

واللہ اعلم .